صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

بدھ 20۔اپریل 2016ء

روزنامہ

FR-10

1913ء سے جاری شدہ

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editoralfazl@gmail.com

بدھ 20۔اپریل 2016ء 12رجب 1437 ہجری 20شہادت 1395 ہش جلد 66-101 نمبر 90

رؤف ورحیم

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

یقیناً تمہارے پاس تمہی میں سے ایک رسول آیا۔اسے بہت سخت شاق گزرتا ہے جو تم تکلیف اٹھاتے ہو(اور) وہ تم پر (بھلائی چاہتے ہوئے) حریص (رہتا) ہے۔مومنوں کے لئے بے حد مہربان (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔

تبرکات حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت زہرہ بن معبدؓ کی والدہ ان کو جبکہ یہ بچے تھے آنحضرتؐ کی خدمت میں لائیں اور عرض کیا اس کی بیعت لیجئے! آپؐ نے فرمایا! ابھی بچہ ہے' پھر ان کے سر پر ہاتھ پھیرا اور دعا دی۔اس برکت کو صحابہ اس شوق اور محبت سے دیکھتے کہ زہرہ کے دادا ان کو لے کر بازار غلہ خریدنے گئے کہ ان کو رسول اللہؐ کی برکت ملی ہوئی ہے۔اس دوران حضرت عبداللہ بن عمر اور عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہم سے ان کی ملاقات ہوئی، وہ کہنے لگے کہ ہم کو بھی شریک کرو کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تم کو برکت دی ہے۔ (بخاری کتاب الشرکۃ باب الشرکۃفی الطعام)

اس حدیث کی شرح میں شارح بخاری امام ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے برکت حاصل کرنے کے لئے صحابہ کرام کو آپؐ کی خدمت میں اپنی اولاد کے حاضر کرنے کا بڑا شوق تھا۔

(فتح الباری لابن فجر جزء 5 ص 162)

نماز فجر کے بعد بعض صحابہ اپنے ملازموں کو پانی دے کر رسول اللہؐ کی خدمت میں بھیجتے آپؐ اس پانی میں ہاتھ ڈال کر برکت بخشتے۔ (مسلم کتاب الفضائل باب قرب النبیؐ من الناس و تبرکھم بہ)

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں بیمار ہوا تو میری خالہ مجھے رسول اللہؐ کی خدمت میں لے گئیں رسول اللہؐ نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا اور دعا کی۔اس کے بعد رسول اللہؐ نے وضو کیا تو آپؐ کے وضو سے بچے ہوئے متبرک پانی کو میں نے پی لیا۔ (بخاری کتاب الدعوات باب الدعاء للصبیان بالبرکۃ ومسح رؤسھم)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے گھر لڑکا پیدا ہوا وہ بچے کو آپؐ کی خدمت میں لائے آپؐ نے اس کا نام رکھا اور اپنے منہ میں کھجور رکھ کر چبائی اور پھر اس بچے کے منہ میں ڈالی اور اس کے لئے دعا کی۔

(بخاری کتاب العقیقۃ باب تسمیۃ المولود غداۃ یولدو لمن لم یعق عنہ و تحنیکہ)

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے تو ان کی والدہ حضرت اسماء ان کو لے کر رسول اللہؐ کی خدمت میں آئیں۔ آپؐ نے بچے کو اپنی گود میں رکھا کھجور لے کر چبائی اور بچے کے منہ میں ڈال کر اسے گھٹی دی اور اس کے لیے دعا کی۔اس طرح اس بچے کے پیٹ میں پیدائش کے بعد سب سے پہلے آپ کا مقدس لعاب اور متبرک کھجور گئی۔

(بخاری کتاب العقیقۃ باب تسمیۃ المولود غداۃ یولدو لمن لم یعق عنہ و تحنیکہ)

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ ایک حجام آپؐ کے بال بنا رہا تھا تو اس وقت موجود تمام صحابہ اس تبرک کو زمین پر گرنے نہ دیتے تھے۔

(صحیح مسلم کتاب الفضائل باب فی قرب النبیؐ و تبرکھم بہ)

درخواست دعا

محترم مرزا عبدالصمد صاحب ناظر خدمت درویشاں ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ محترمہ صاحبزادی اسماء خلیل صاحبہ اہلیہ محترم صاحبزادہ مرزا خلیل احمد صاحب مرحوم کینیڈا میں شدید بیمار ہیں۔احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے شفاء کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے اور ہر قسم کی پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے۔آمین

سپیشلسٹ ڈاکٹرز کی آمد

- مکرم ڈاکٹر عباس باجوہ صاحب آرتھوپیڈک سرجن
- مکرمہ ڈاکٹر آصفہ عباس باجوہ صاحبہ گائناکالوجسٹ
- مکرم ڈاکٹر عبدالرفیق سمیع صاحب ماہر امراض جلد

تینوں ڈاکٹرز مورخہ 24/اپریل 2016ء کو فضل عمر ہسپتال میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔ضرورت منداحباب وخواتین سے گزارش ہے کہ وہ ان ڈاکٹرز سے استفادہ کیلئے ہسپتال تشریف لائیں۔پرچی روم سے اپنی پرچی بنوالیں۔مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔ (ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

معلوماتی سیمینار

نظارت تعلیم کے تحت Tropical Revolving Storms (A Destructive Force of Nature) کے موضوع پر سیمینار مورخہ 27/اپریل 2016ء کو ہوگا۔اس سیمینار میں شمولیت کے خواہشمند افراد جلد از جلد اپنی رجسٹریشن درج ذیل ای میل ایڈریس پر یا بذریعہ فون کروالیں۔رجسٹریشن کروانے کی آخری تاریخ 25/اپریل 2016ء ہے۔رجسٹریشن کروانے کے لئے کوائف نام،ایڈریس،فون نمبر اور ای میل درکار ہیں۔

Email:registration@njc.edu.pk

PH:047-6212473Mob:03339791321

(نظارت تعلیم)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 6 روپے

مکرم طاہر محمود احمد صاحب

ربوہ کا قیام اور حضرت مصلح موعود کی دعائیں اور الٰہی بشارات

قدیم سے یہ سنتِ مستمرہ ہے کہ الٰہی جماعتوں کو ہجرت بھی کرنا پڑتی ہے جس کے نتیجہ میں بے شمار افضالِ الٰہی کا نزول ہوتا ہے اوراَن گنت برکات کا ایک لمبا سلسلہ جاری ہو جاتا ہے۔ ربوہ کے بارہ میں بھی خدائے رحیم و کریم کی طرف سے مختلف بشارات ہوئیں جو بعد میں پوری ہوگئیں۔

حضرت مسیح موعودکو 18 ستمبر 1894ء کو الہام ہوا۔ **''داغِ ہجرت''**

حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی نے 1941ء میں رؤیا دیکھی کہ قادیان پر حملہ ہوا ہے اور آپ قادیان سے نکل کر پہاڑی اور ٹیلوں میں نئے مرکز کے لئے جگہ تلاش کررہے ہیں۔

آپ رؤیا کے متعلق بیان فرماتے ہیں۔

''میں نے اُس رؤیا میں دیکھا کہ قادیان پر حملہ ہوا ہے اور ہر قسم کے ہتھیار استعمال کئے جارہے ہیں مگر مقابلہ کے بعد دشمن غالب آ گیا اور ہمیں وہ مقام چھوڑنا پڑا۔ باہر نکل کر ہم حیران ہیں کہ کس جگہ جائیں اور کہاں جا کر اپنی حفاظت کا سامان کریں۔ اتنے میں ایک شخص آیا اور اس نے کہا کہ میں ایک جگہ بتاتا ہوں۔ آپ پہاڑوں پر چلیں وہاں اٹلی کے ایک پادری نے گرجا بنایا ہوا ہے اور ساتھ ہی اس نے بعض عمارتیں بھی بنائی ہوئی ہیں جنہیں وہ کرایہ پر مسافروں کو دیتا ہے۔ وہ مقام سب سے بہتر رہے گا۔ مَیں ابھی متردد ہی تھا کہ اس جگہ رہائش اختیار کی جائے یا نہ کی جائے کہ ایک شخص نے کہا آپ کو یہاں کوئی تکلیف نہیں ہوگی کیونکہ یہاں (بیت الذکر) بھی ہے۔ اس نے سمجھا کہ کہیں میں رہائش سے اس لئے انکار نہ کردوں کہ یہاں (بیت الذکر) نہیں۔ چنانچہ میں نے کہا اچھا مجھے (بیت الذکر) دکھاؤ۔ اس نے مجھے (بیت الذکر) دکھائی جو نہایت خوبصورت بنی ہوئی تھی، چٹائیاں اور دریاں وغیرہ بھی بچھی ہوئی تھیں اور امام کی جگہ ایک صاف قالینی مصلّٰی بچھا ہوا تھا۔ اس پر مَیں خوش ہوا اور میں نے کہا۔ لو اللہ تعالیٰ نے ہمیں (بیت الذکر) بھی دے دی، اب ہم اسی جگہ رہیں گے۔''

داتہ ضلع ہزارہ کے ایک بزرگ میر گل شاہ صاحب کو جنوری 1900ء میں ایک رؤیا میں قادیان کے ساتھ ایک اور مقدس شہر کا نقشہ بھی دکھایا گیا۔

(عسلِ مصفّٰی جلد دوم صفحہ 500)

ڈاکٹر عبدالسلام صاحب کے تایا حضرت چوہدری غلام حسین صاحب متوطن جھنگ نے 1932ء میں خدا کے حضور متضرعانہ دعائیں کیں کہ خدایا پیشگوئی مصلح موعود میں موجود الہامی الفاظ ''وہ تین کو چار کرنے والا ہوگا'' سے کیا مراد ہے، تو انہیں رؤیا میں دکھایا گیا کہ دو پہاڑیوں کے درمیان ایک میدان میں پُرشوکت جلسہ مصلح موعود ہورہا ہے۔

(الفضل 9 مارچ 1945 صفحہ 4)

نئے مرکز کا فیصلہ

1947ء میں ہندوستان کی تقسیم کے وقت جماعتِ احمدیہ نے پاکستان کی طرف ہجرت کرنے کا فیصلہ کیا اور نئے مرکز کے لئے جگہ کی تلاش شروع ہوئی۔ 25 ستمبر 1947ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے چوہدری عبدالعزیز صاحب سیشن جج سرگودھا کو رتن باغ لاہور مشورہ کے لئے بلایا اور اُن کے ساتھ میٹنگ ہوئی اور مختلف جگہیں زیرِ بحث آئیں جیسے ننکانہ صاحب، ضلع سیالکوٹ، پسرور، کلاس والا، شکرگڑھ، کھوڑہ اور ربوہ کے کنارے والی جگہ جو پہاڑوں کے درمیان ہے۔

چوہدری عزیز احمد باجوہ سب جج نے حضور کی خدمت میں درخواست کی کہ چنیوٹ کے قریب دریائے چناب کے غربی جانب سرگودھا فیصل آباد روڈ پر قطعہ زمین حضور کی رؤیا کے مطابق موجود ہے۔ 1947ء کے اواخر میں حضور نے یہ رقبہ ملاحظہ فرمایا اور حسبِ ارشادِ حضور اس کی خرید سے متعلق جملہ انتظامات حضرت نواب محمد دین صاحب نے سرانجام دیئے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے 20 ستمبر 1948ء کو نمازِ ظہر کے بعد پانچ بکروں کی قربانی اور ابراہیمی دعاؤں کے ساتھ تقریباً 250 احباب کی موجودگی میں نئے مرکز ربوہ پاکستان کی بنیاد رکھی۔ یہاں نہ پانی تھا نہ درخت نہ کوئی جھاڑی۔ ساری زمین پر سفید کلر کی تہہ تھی اور انسان چلتے ہوئے ٹخنوں تک اس میں دھنس جاتا تھا۔ زیرِ زمین پانی انتہائی کڑوا اور ناقابل استعمال تھا لیکن وقت کے گزرنے کے ساتھ ساتھ باوجود انتہائی نامساعد حالات کے ربوہ آباد ہوگیا۔ اب خدا تعالیٰ کے فضل سے سرسبز و شاداب شہر بن چکا ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں۔

''رؤیا کے مطابق یہ جگہ مرکز کے لئے تجویز کی گئی ہے۔ چنانچہ میں یہاں آیا اور میں نے کہا۔ ٹھیک ہے۔ خواب میں جو مَیں نے مقام دیکھا تھا، اس کے اِردگرد بھی اسی قسم کے پہاڑی ٹیلے تھے۔ صرف ایک فرق ہے اور وہ یہ کہ مَیں نے اُس میدان میں گھاس دیکھا تھا مگر یہ چٹیل میدان ہے۔ اب بارشوں کے بعد کچھ کچھ سبزہ نکلا ہے۔ ممکن ہے کہ ہمارے آنے کے بعد اللہ تعالیٰ یہاں گھاس بھی پیدا کردے اور اس رقبہ کو سبزہ زار بنادے۔''

(حضرت مصلح موعود کا افتتاحی خطاب ربوہ۔ الفضل جلسہ سالانہ نمبر 1964ء)

ربوہ کے متعلق توقعات اور قربانیاں

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں۔

''اللہ تعالیٰ کے منشاء کے ماتحت ہم قادیان سے باہر آئے ہیں اور اسی کے منشاء کے ماتحت ہم یہاں ایک نیا مرکز بسانا چاہتے ہیں۔ ہر چیز میں روکیں حائل ہوسکتی ہیں اس لحاظ سے ممکن ہے ہمارے اس ارادہ میں بھی کوئی روک حائل ہوجائے ......اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس کام میں ہمارا حامی و مددگار ہو۔ ہم نے اِس وادیٔ غیرِ ذِی زرع کو جس میں فصل اور سبزیاں نہیں ہوتیں، اس لئے چنا ہے کہ ہم یہاں بسیں اور اللہ تعالیٰ کے نام کو بلند کریں مگر ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ ساری فصلیں اور سبزیاں اور ثمرات خدا تعالیٰ کے اختیار میں ہیں۔ پس اوّل تو ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہماری نیتوں کو صاف کرے اور ہمارے ارادوں کو پاک کرے ...... ہماری روزیاں کسی بندے کے سپرد نہیں، اللہ تعالیٰ کا ہاتھ اپنے پاس سے ہم کو کھلائے گا اور ہم اس سے دعا کرتے ہیں کہ وہ یہاں کے رہنے والوں میں دین کا اتنا جوش پیدا کردے، دین کی اتنی محبت پیدا کردے، محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اتنا عشق پیدا کردے کہ وہ پاگلوں کی طرح دنیا میں نکل جائیں اور اُس وقت تک گھر نہ لوٹیں جب تک دنیا کے کونے کونے میں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حکومت قائم نہ کردیں۔

............اِس کے بعد اس رقبہ کے چاروں کونوں پر قربانیاں کی جائیں گی اور ایک قربانی اس رقبہ کے وسط میں کی جائے گی۔ یہ قربانیاں اس علامت کے طور پر ہوں گی کہ جس طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام خدا تعالیٰ کے حکم کے ماتحت اپنے بیٹے کی قربانی کے لئے تیار ہوگئے تھے اور خدا تعالیٰ نے ان کی قربانی کو قبول فرما کر بکرے کی قربانی کا حکم دیا تھا۔ اسی طرح ہم بھی اس زمین کے چاروں گوشوں پر اور ایک اس زمین کے سنٹر میں اس نیت اور ارادہ کے ساتھ خدا تعالیٰ کے حضور قربانیاں پیش کرتے ہیں کہ خدا ہمیں اور ہماری اولادوں کو ہمیشہ اس راہ میں قربان ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین''

باقی صفحہ 7 پر

86 سال قبل جب ربوہ اور چنیوٹ کو ملانے والے پل کی تعمیر جاری تھی

مکرم ماسٹر احمد علی صاحب

اطاعت وفرمانبرداری کے نادرونایاب نمونے

جانی، مالی قربانی اور دعوت الی اللہ کے میدان میں قابل تقلید واقعات

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں۔

’’اللہ تعالیٰ کی قدیم سے سنت چلی آئی ہے کہ وہ دنیا میں گمراہ بندوں کی رشد و ہدایت کیلئے اپنے برگزیدہ انبیاء اور ماموروں کو مبعوث کرتا ہے تو انہیں بے یارو مددگار نہیں چھوڑتا وہ نہ صرف خود انہیں اپنی مدد اور نصرت سے نوازتا ہے بلکہ ایسی نیک جماعت بھی عطا فرماتا ہے جس کے افراد ان کے اعضاء اور جوارح بن کر اس کی لائی ہوئی تعلیم کو دنیا میں پھیلانے کا موجب ہوتے ہیں۔اسی سنت کے ماتحت اللہ تعالیٰ نے اس زمانہ کے مامور حضرت مسیح موعود کو بھی ینصرک رجال......کا وعدہ دیا اور عملی طور پر ایسے رفقاء عطا فرمائے جنہوں نے آپ کے پیغام کی اشاعت میں تن من دھن سب کچھ قربان کر دیا اور حرص وآرزو کو چھوڑ کر دین کے ہی ہو کر رہ گئے۔ خدا ان کی قربانیوں کو دیکھ کر عرش پر خوش ہوا۔‘‘

بظاہر نچلے طبقہ سے تعلق رکھنے والے مظلوم صحابی حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا جسمانی تشدد کے دوران بھی توحید پر کامل یقین اور محمد ﷺ کی رسالت پر ایمان کا متزلزل نہ ہونا۔ اعلیٰ طبقہ کے انسانوں میں سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا یہ جانتے ہوئے بھی کہ محمدؐ کو زندہ پکڑ کر لانے والے یا اس کا سر کاٹ کر لانے والے کو ایک سو سرخ اونٹ انعام دیا جائے گا۔ ہجرت مدینہ کے سفر میں آپؐ کے ہمراہ رہنا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ہجرت کے لئے گھر سے نکلتے ہوئے رسول اللہ ﷺ کے بستر پر لیٹ جانا۔ حضرت خالد بن ولیدؓ کا بڑے بہادر اور تیغ آزما کفار کے مقابلہ میں سینہ سپر رہنا۔ سردار دوعالم کے صحابہ کا باوجود بے سروسامانی کے خاتم النبیین ﷺ کے فرمان کے مطابق تبلیغ واشاعت اسلام کی خاطر دور دراز ملکوں میں نکل کھڑے ہونا تبلیغ اسلام کا فریضہ نامساعد حالات میں بجالانے سے گریز نہ کرنا یہ اطاعت کی لازوال مثالیں ہیں۔

جب مسلمانوں کی تکلیف انتہا کو پہنچ گئی اور قریش ایذا رسانی میں بڑھنے لگے تو آنحضرت ﷺ نے مسلمانوں سے فرمایا کہ وہ حبشہ کی طرف ہجرت کر جائیں۔ چنانچہ آنحضور ﷺ کے فرمانے پر ماہ رجب 5 نبوی میں گیارہ مرد اور چار عورتوں نے حبشہ کی طرف ہجرت کی۔ حبشہ پہنچ کر مسلمانوں کو امن کی زندگی نصیب ہوئی اور قریش کے مظالم سے چھٹکارا ملا۔ ادھر قریش کو جب علم ہوا کہ مسلمان حبشہ میں امن کی زندگی بسر کر رہے ہیں تو غضبناک ہو کر مسلمانوں کو حبشہ سے واپس لانے کی کوشش میں جب اپنا ایک وفد حبشہ کے بادشاہ کے پاس قیمتی تحائف دے کر بھیجا۔ اس وفد نے نجاشی کے دربار میں رسائی حاصل کر کے تحائف پیش کرنے کے بعد نجاشی سے ان الفاظ میں درخواست کی۔ ’’اے بادشاہ سلامت ہمارے چند بے وقوف لوگوں نے اپنا آبائی مذہب ترک کر کے ایک نیا دین نکالا ہے۔ جو آپ کے دین کے بھی مخالف ہے اور ان لوگوں نے ملک میں فساد ڈال دیا ہے۔ اور اب ان لوگوں میں سے بعض لوگ وہاں سے بھاگ کر یہاں آ گئے ہیں۔ ہماری یہ درخواست ہے کہ آپ ان کو واپس بھجوا دیں۔‘‘ لیکن نجاشی نے جو ایک بیدار مغز حکمران تھا۔ یکطرفہ فیصلہ دینے سے انکار کر دیا اور کہا کہ ’’یہ لوگ میری پناہ میں آئے ہیں جب تک میں خود ان کا اپنا بیان نہ سن لوں میں کچھ نہیں کہہ سکتا۔‘‘ چنانچہ مسلمان مہاجرین دربار میں بلائے گئے اور ان سے مخاطب ہو کر نجاشی نے پوچھا کہ ’’یہ کیا معاملہ ہے اور یہ کیا دین ہے جو تم نے نکالا ہے۔‘‘ تو حضرت جعفر بن ابی طالب نے مسلمانوں کی طرف سے جواب دیا۔ ’’اے بادشاہ! ہم لوگ جاہل تھے بت پرستی کرتے تھے، مردار کھاتے تھے، بدکاریوں میں مبتلا تھے، قطع رحمی کرتے تھے۔ اللہ نے ہم میں اپنا ایک رسول بھیجا۔ جس کی نجابت اور صدق اور امانت کو ہم سب جانتے تھے اس نے ہمیں توحید سکھائی اور بت پرستی سے روکا اور راست گفتاری اور امانت اور صلہ رحمی کا حکم دیا اور ہمسایوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کی تعلیم دی اور بدکاری اور جھوٹ اور یتیموں کا مال کھانے سے منع کیا اور خونریزی سے روکا۔ اور ہمیں عبادت الٰہی کا حکم دیا ہم اس پر ایمان لائے اور اس کی اتباع کی۔ مگر اس وجہ سے ہماری قوم ہم سے ناراض ہوگئی اور اس نے ہم کو دکھوں اور مصیبتوں میں ڈالا اور ہم کو طرح طرح کے عذاب دیئے اور ہم کو اس دین سے جبراً روکنا چاہا۔ حتیٰ کہ ہم تنگ آ کر اپنے وطن سے نکل آئے اور آپ کے ملک میں پناہ لی۔ پس اے بادشاہ ہم امید کرتے ہیں کہ آپ کے ماتحت ہم پر ظلم نہ ہوگا۔‘‘ نجاشی اس تقریر سے بہت متاثر ہوا اور حضرت جعفرؓ سے کہنے لگا کہ ’’جو کلام تم پر اترا ہے وہ مجھے بھی سناؤ۔‘‘ اس پر حضرت جعفرؓ نے نہایت خوش الحانی سے سورۃ مریم کی ابتدائی آیات پڑھ کر سنائیں۔ یہ آیات سن کر نجاشی کی آنکھوں میں آنسو آ گئے اور اس نے رقت کے لہجہ میں کہا ’’خدا کی قسم یہ کلام اور ہمارے مسیح کا کلام ایک ہی منبع نور کی کرنیں ہیں۔ یہ کہہ کر نجاشی نے قریش کے وفد سے کہا تم واپس چلے جاؤ میں ان کو تمہارے ساتھ نہیں بھیجوں گا اور نجاشی نے ان کے تحائف بھی واپس کر دیئے۔ قریش کا وفد بے نیل ومرام واپس آ گیا۔‘‘

اسلام کے دور اول کے لوگ اشاعت دین کی خاطر دور دراز ملکوں میں پہنچ کر یہ فریضہ بجالاتے رہے ہیں۔ اب ہم اس دور میں سے چند مثالیں تحریر میں لاتے ہیں۔

حضرت بھائی عبدالرحمٰن صاحب اور دیگر کئی رفقاء خلیفہ وقت کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے تحریک شدھی کے سامنے سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن گئے اور بے شمار لوگوں کو دوبارہ دین حق میں داخل کیا۔ ان مجاہدین نے تیز اور چلچلاتی دھوپ میں کئی کئی میل کا پیدل سفر کیا، کھانا تو الگ رہا ان کو پانی بھی نہ مل سکا۔ اسی طرح یہ رفقاء خلفائے احمدیت کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے زندگیاں وقف کر کے دنیا کے کونے کونے میں پھیل گئے۔ کیا ایشیا اور کیا یورپ اور امریکہ کے سبزہ زار اور کیا افریقہ کے جنگل اور ریگستان اور کیا مشرقی جزائر سب کے سب اس بات پر نازاں ہیں کہ ان پر رفقاء حضرت مسیح موعود کے مبارک قدم پڑے۔ ان کے ذریعہ بے شمار قومیں حلقہ بگوش دین ہوئیں۔ یہ عشق و وفا کی داستانیں ایسی دلگداز ہیں کہ بدن پر کپکپی طاری ہو جاتی ہے۔ لیکن رفقاء کی جماعت عشق و وفا کی راہوں پر چلتے ہوئے ہر حالت میں دین کی منادی کرتی رہی حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

ترجمہ: یہ عشق ہی ہے جو ذلت کی خاک پر لوٹاتا ہے۔ یہ عشق ہی ہے جو جلتی آگ پر بٹھاتا ہے۔ کوئی کسی کے لئے نہ سر دیتا ہے نہ جان چھڑکتا ہے یہ عشق ہی ہے جو یہ کام پورے خلوص سے کرواتا ہے۔

ان رفقاء کے وجودوں میں اطاعت کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی اور وہ اس کو انتہا تک پہنچاتے رہے۔ حضرت چوہدری ظفراللہ خان صاحب جنہیں خدا نے عظیم الشان عہدوں سے نوازا۔ آپ سے کسی نے سوال کیا چوہدری صاحب اللہ تعالیٰ کے فضل سے آپ کی ساری زندگی بڑے بڑے اعزازات اور کامیابیوں سے بھری ہوئی ہے اس کا سبب کیا ہے۔ چوہدری صاحب نے کسی تامل کے بغیر فرمایا:

Because through all my life, I was obedient to Khilafat

یعنی میں تمام زندگی خلافت کا فرمانبردار رہا ہوں۔ پس یہی کامیابی کا راز ہے کاش ہر ایک اس راز کو سمجھ لے۔

(روزنامہ الفضل 14 جون 2010ء)

حضرت چوہدری ظفراللہ خان صاحب فرماتے ہیں کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے شہزادہ ویلز کے لئے ایک نہایت قابل قدر تحفہ کتاب کی شکل میں تیار کیا اور مجھے ارشاد فرمایا کہ پانچ دن کے اندر اندر انگلش میں ترجمہ کر کے قادیان میں لے آؤ۔ مجھے ان دنوں دن بھر مصروفیت رہتی تھی محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے مقررہ میعاد کے اندر خاکسار ترجمہ لے کر حضور کی خدمت میں حاضر ہوگیا۔

فرماتے ہیں۔ 1921ء میں مخالفین نے قادیان میں زبردست جلسہ کرنے کا پروگرام بنایا اس موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کا پیغام موصول ہوا۔ کہ احمدیہ ہوسٹل کے طلباء کو ساتھ لے کر فوراً قادیان پہنچ جاؤ۔ چنانچہ شام کی گاڑی نصف شب کے قریب بٹالہ پہنچی۔ بعض طلباء نے آرام کی خواہش کی۔ میں نے کہا ہمت سے بڑھتے چلو۔ فجر کی نداء ہو رہی تھی کہ ہم بیت مبارک کے چوک میں پہنچ گئے اور نماز کے فوراً بعد سب کی ڈیوٹی لگا دی گئی۔ اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے کہ ان دنوں میں امام جماعت کو نیند کے لئے کوئی وقت میسر آیا کہ نہیں اور اگر میسر آیا تو کتنا؟

حضرت مولوی سید سرور شاہ صاحب ایسے جید عالم اور واجب الاحترام بزرگ شعبہ مال کے دروازہ پر پہرہ دار کے طور پر جوانوں کی طرح ایستادہ تھے۔ آنکھوں میں وہی چمک لبوں پر وہی تبسم چہرے پر وہی بشاشت جو قرآن کریم کا درس دیتے وقت ہوا کرتی تھی۔ وہ قرآن کریم کا درس یہ قرآن کریم پر عمل......

نیز آپ فرماتے ہیں کہ میں نے مرغ بے جان کی طرح اپنے آپ کو حضور کے ہاتھ میں دے دیا اور حضور ہر لحظہ ماں باپ سے بڑھ کر مشفق مربی رہے۔ میں نے اپنے متعلق اتنی فکر نہیں کی جتنی حضور میرے متعلق کرتے رہے۔

حضرت منشی امام دین صاحب کو حقہ پینے کی بہت عادت تھی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے خلافت کے ابتدائی ایام میں کسی خطاب میں حقہ کی مذمت بیان فرمائی تو اسی وقت حقہ چھوڑ دیا اور عزم کیا کہ اب ہاتھ بھی نہیں لگاؤں گا۔ شروع میں بیمار بھی ہو گئے۔ لیکن ایسی اطاعت کی پھر ہاتھ بھی نہیں لگایا۔

حضرت حافظ عزیز اللہ شاہ صاحب کے متعلق حضرت سیدہ مہر آپا صاحبہ فرماتی ہیں کہ خلیفۃ المسیح الثانی کی زبان سے نکلے ہوئے سرسری الفاظ کی بہت وقعت والد صاحب کے نزدیک تھی اور آپ اسی میں خیر وبرکت سمجھتے تھے حضور کی دعاؤں پر آپ کو بہت یقین تھا۔ جب کوئی تکلیف ہوتی ابا جان حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی خدمت میں تار یا خط بھیجتے اور کہتے کہ اب مجھے اطمینان ہے۔

حضرت نواب محمد عبداللہ خان صاحب فرمایا کرتے تھے کہ میری دعا اور آرزو ہے میری اولاد خلافت سے منسلک رہے اور ہمیشہ اس گروہ کا ساتھ

دیں جس میں حضرت مسیح موعود کی اولاد کے افراد زیادہ سے زیادہ ہوں۔ کیونکہ حضور سے اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ میں تیرے اور تیرے اہل کے ساتھ ہوں۔ حضرت حافظ روشن علی کو خلافت کی تائید کرنے میں ایک خاص امتیاز حاصل تھا۔ آپ نے جماعتوں کے دورے کرکے بچھڑے ہوئے بھائیوں کو جماعت کے شیرازہ میں لاشامل کیا۔

تیری باتوں میں کیا جادو بھرا ہے مرزا
جس سے حیوان بھی انسان ہوئے جاتے ہیں

منکرین خلافت نے آپ کو یہ سرٹیفکیٹ دیا حافظ روشن علی صاحب ایک متشدد محمودی تھے۔

مکرم مسعود احمد خان صاحب دہلوی سابق ایڈیٹر روزنامہ الفضل لکھتے ہیں کہ حضرت مولانا غلام رسول صاحب راجیکی اپنی مجالس میں بڑی کثرت سے یہ نصیحت فرمایا کرتے تھے کہ اگر اپنے مقصد میں کامیاب ہونا چاہتے ہو تو حضرت سیدنا خلیفۃ المسیح الثانی کی خدمت میں دعا کی درخواست پر مشتمل خطوط باقاعدگی سے ارسال کیا کرو اور خود بھی دعاؤں میں لگے رہو۔ خلیفہ کا آسمانی وجود ایک پاور ہاؤس ہے۔ اس سے تعلق محبت وعقیدت قائم کئے بغیر آپ لوگ خدا تعالیٰ کے فضلوں کے وارث نہیں بن سکتے مجھے خدا تعالیٰ کی طرف سے تنبیہہ ہوتی رہتی ہے کہ خلیفہ وقت سے دعاؤں کی درخواست کرتا رہوں۔ (روزنامہ الفضل یکم اکتوبر 2007ء)

آپ اپنی اولاد کو وصیت کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔ حقیقت میں یہ وصیت صرف اپنی اولاد کیلئے نہیں بلکہ ہر احمدی کیلئے ہے کہ ۔

ہے یہی میری وصیت آخری
ہے عمل کرنا اسی پر بہتری
یاد رکھنا تفرقہ ہو جب عیاں
ہے خلافت ہی ہدایت کا نشاں
آل احمد اور خلافت ہو جدھر
سب میری اولاد ہو جائے ادھر

رفقاء کی اہمیت کا ذکر کرتے ہوئے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں:۔

’’حضرت سید حافظ مختار احمد صاحب کی وفات پر میں نے بہت دعا کی کہ اے میرے رب! غلبہ دین کی جو مہم تو نے حضرت مسیح موعود کے ذریعہ جاری کی ہے۔ اس کی سرحدوں میں وسعت پیدا ہو رہی ہے۔ ہمیں حافظ صاحب جیسے ایک نہیں، سینکڑوں نہیں ہزاروں فدائی اور دین کے جاں نثار چاہئیں‘‘۔

اسی طرح حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رفقاء اور بزرگوں کے حالات اور ان کے احسانات کو جمع کرنے کی تحریک کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

’’پس اپنے ان بزرگوں کے احسانات نہ بھولیں۔ جو خدا کی راہ میں اپنی جانیں بچھاتے رہے جن پر احمدیت کی بلند و بالا عمارتیں تعمیر ہوئیں اور یہ عظیم الشان جزیرے ابھرے وہ لوگ ہماری دعاؤں کے خاص حقدار ہیں۔ اگر آپ اپنے بزرگوں کو ان عظمتوں کے وقت یاد رکھیں گے جو آپ کو خدا کے فضل عطا کرتے ہیں تو آپ کو حقیقی انکساری کا عرفان نصیب ہوگا۔

(الفضل 27 مارچ 1989ء)

قارئین! ہم پر خدائے ذوالمنن کا یہ عظیم الشان انعام ہے کہ ہمیں اس عظیم امانت کا امین بنایا ہے۔ یہ انعام ہمیں قربانی اور استقامت کے ان میدانوں کی طرف بلاتا ہے جن میں اس دور آخرین کے رفقاء کرام کی عظیم الشان قربانیوں کی داستانیں رقم ہیں۔ ان داستانوں کو آج پھر سے زندہ کرنا ہمارا فرض ہے۔ جس طرح انہوں نے عشق و محبت اور اطاعت کا ثبوت دیتے ہوئے شمع خلافت پر آنچ نہیں آنے دی۔ اسی طرح آج ہم بھی پروانہ وار شمع خلافت پر سب کچھ قربان کرتے چلے جائیں کہ ہم بھی اطاعت اور عشق و وفا کے دعوؤں میں انہی رفقاء کی راہوں پر گامزن ہیں۔

تاریخ احمدیت شاہد ہے کہ اپنے امام کی آواز پر جہاں رفقاء نے لبیک کہا وہاں بزرگ خواتین نے بھی دلی جوش سے ہر طرح کی قربانی پیش کر کے اپنے ایمانی جذبہ اور خلوص کا شاندار مظاہرہ کیا۔ یہ نقوش جہاں انمٹ ہیں وہاں قابل صد افتخار بھی ہیں۔ انہی نقوش پا پر چلتے چلتے آج احمدی مستورات ایک ایسے مقام پر آ پہنچی ہیں۔ جہاں باقی دنیا کی عورتیں پہنچنے کا تصور بھی نہیں کر سکتیں چند مستورات کی مثالیں پیش ہیں۔

ایک مرتبہ حضرت نصرت جہاں بیگم صاحبہ نے خلیفۃ المسیح الاول کو کہلا بھیجا کہ خدا تعالیٰ کی رضا جوئی کے لئے میں چاہتی ہوں کہ آپ کا کوئی کام کروں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے ایک طالب علم کی پھٹی پرانی رضائی مرمت کے لئے بھجوادی۔ حضرت اماں جان نے بشاشت قلب سے اس رضائی کی مرمت اپنے ہاتھ سے کی اور درست کر کے واپس بھجوائی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے جب بیت برلن کی تحریک فرمائی تو خواتین رفقاء حضرت مسیح موعود کے حیرت انگیز قربانی کے نمونے دیکھنے کو ملتے ہیں۔

حضرت سیدہ امّ طاہر کی والدہ زندہ تھیں انہوں نے اسی وقت اپنی بہوؤں اور بیٹیوں کو بلایا اور کہا سب زیور اتارو۔ میں یہ سب زیور بیت برلن میں دوں گی۔ چنانچہ وہ سارا زیور بیچ کر بیت برلن کے لئے چندہ دیا گیا۔

حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ نے جائیداد فروخت کر کے پانچ سو روپے ادا کئے۔

حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ نے ایک ہزار روپیہ دیا۔ اسی طرح سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ اور دیگر خواتین رفقاء نے بھی نمایاں حصہ لیا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے ہم کو مخاطب کر کے فرمایا:۔

’’یہ خلافت ہی کی نعمت ہے جو جماعت کی جان ہے اس لئے اگر آپ زندگی چاہتے ہیں تو خلافت احمدیہ کے ساتھ اخلاص اور وفا سے چمٹ جائیں۔ پوری طرح اس سے وابستہ ہو جائیں کہ آپ کی ہر ترقی کا راز خلافت سے وابستگی میں ہی مضمر ہے۔ ایسے بن جائیں کہ خلیفہ وقت کی رضا آپ کی رضا ہو جائے۔ خلیفہ وقت کے قدموں پر آپ کا قدم اور خلیفہ وقت کی خوشنودی آپ کا مطمح نظر ہو جائے۔

(ماہنامہ خالد سیدنا طاہر نمبر مارچ اپریل 2004ء)

حضرت مصلح موعود کے ان الفاظ پر مضمون کو ختم کرتا ہوں ’’خلافت زندہ رہے اور اس کے گرد جان دینے کے لئے ہر مومن آمادہ کھڑا ہو۔ صداقت تمہارا زیور، امانت تمہارا حسن، تقویٰ تمہارا لباس ہو۔ خدا تمہارا اور تم اس کے ہو۔ آمین‘‘۔

☆......☆......☆......☆......☆

غزل

قمقمے خواب ہیں، آنگن کو سجائے جگنو
ظلمتِ شب میں فقط راہ دکھائے جگنو

فکر و آلام سے کر دیتی ہے بیگانہ، اگر
رات کے پچھلے پہر آنکھ بہائے جگنو

تیری مٹھی ہے جو خالی تو ذرا غور سے سن!
دن اُجالے میں کبھی ہاتھ نہ آئے جگنو

تُو ہے نازاں کہ ترے پاس جواہر، موتی
میں رہا شاد مرے دامن کو سجائے جگنو

راز پا جاؤ گے، رونے کا سلیقہ سیکھو!
آگ پانی سے یہاں پل میں بجھائے جگنو

دُور منزل ہے بہت، زادِ سفر بھی کم ہے
چشمِ خوابیدہ! تجھے روز بتائے جگنو

ہے بہت خوب غزل تیری مگر میرے ندیم!
دن کہاں جا کے بتا، اپنا بتائے جگنو

انور ندیمؔ علوی

میرے والدین، بشریٰ رشید صاحبہ اور رشید احمد خان صاحب

ش۔ شمس

31 مئی 1987ء، یہ وہ دن ہے جس روز میری بے حد پیاری، پاک خو، نیک سیرت اور بہت ہی شفیق امی جان مکرمہ بشریٰ رشید صاحبہ اہلیہ مکرم رشید احمد خان صاحب صرف 55 سال کی عمر میں اچانک ہمیں داغ مفارقت دے کر اپنے مولائے حقیقی کے حضور حاضر ہوگئیں۔

آپ حضرت شیخ فضل احمد صاحب بٹالوی رفیق حضرت مسیح موعود کی بیٹی تھیں۔

آپ کو خدا تعالیٰ کی طرف سے بہترین اخلاق عطا ہوئے تھے۔ آپ نے کبھی کسی کی برائی نہ کی اور نہ کبھی ان سے کسی کو تکلیف پہنچی۔ غیبت یا کسی کے برے رنگ میں ذکر اور گفتگو کو بالکل پسند نہ کرتی تھیں۔

حقوق اللہ بہت ذوق وشوق، خوبصورتی اور وقار سے ادا کرتی تھیں۔ عبادات میں بالکل خودنمائی نہ تھی۔ پنجوقتہ نمازیں، نوافل اور قرآن کریم کی تلاوت کا خاص اہتمام کرتی تھیں۔

ہم پانچ بہنیں اور تین بھائی ہیں۔ میرے پیارے والدین اپنے بچوں کی بہترین دینی ودنیوی تعلیم وتربیت کیلئے کوشاں رہے۔ بالخصوص بیٹیوں سے بہت محبت اور شفقت کا سلوک کرتے ہوئے ان کی اعلیٰ تعلیم کا بھی خصوصی خیال رکھا۔ اور ہمیشہ اپنے عملی نمونہ سے انہیں اعلیٰ اخلاق سے آراستہ کیا اور خودداری سے جینے کا سبق دیا۔ ان کا نظام جماعت سے تعلق مضبوط کرنے کے لئے امی جان ہمیشہ اپنی بچیوں کو جماعتی اجلاسات میں اپنے ہمراہ لے کر جاتیں۔ حلقہ کی صدر لجنہ سے خود کہتیں کہ میری بیٹی تلاوت کرے گی یا کوئی مضمون پڑھے گی۔ چندہ جات کی ادائیگی میں باقاعدہ تھیں۔

امی جان کی طبیعت میں سادگی، سلیقہ اور نفاست تھی۔ اس وجہ سے ہمارا گھر اور باہر کا لباس بہت خوشنما اور نفیس ہوتا تھا۔ امّی جان کے اچھے اخلاق اور حسن سلوک سے ہر ملنے والا بے حد متأثر ہوتا تھا۔ آپ کی زندگی محبت اور خلوص کا مرقع تھی۔

مہمان نوازی کا وصف آپ میں کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔ ہمارا چھوٹا سا گھر ہر وقت مہمانوں سے بھرا رہتا تھا اور ان کی خاطر مدارت سے بہت خوشی محسوس کرتے تھے۔ عیالداری کے باوجود بہت خاطر مدارت کرتی تھیں اور مہمان نوازی میں بہت فراخ دل تھیں۔ جب ہمارے ابو لاہور میں فوج میں ملازمت کرتے تھے تو ہم بچے اپنی والدہ کے ہمراہ اپنے دادا جان کے گھر ربوہ میں رہا کرتے تھے۔ جلسہ سالانہ پر جب عزیز واقارب آتے اور بعض تو مہینہ مہینہ ٹھہرتے تھے ان کی مہمان نوازی ہماری والدہ کرتیں اور بعض اوقات اپنا کوئی زیور بیچ کر گھر میں راشن کا انتظام کیا کرتیں۔ میرے ابو جان کا حلقۂ احباب بھی بہت وسیع تھا۔ ان کے دفتر سے واپس آنے کے بعد سہ پہر سے ہی ان کے دوستوں اور ملنے والوں کی یکے بعد دیگرے آمد شروع ہوجاتی۔ یہ سلسلہ اکثر رات دس بجے تک جاری رہتا اور ہماری والدہ ہر آنے والے کے لئے چائے تیار کر کے لوازمات کے ساتھ مہمانوں کو بھجوایا کرتیں۔ لیکن کبھی ہم نے ان کے ماتھے پر کوئی بَل نہیں دیکھا۔ آپ ہمسایوں اور غرباء سے بھی بہت حسن سلوک کرتی تھیں۔ بے حد امانتدار تھیں اور محلّہ کے بہت سے لوگ آپ کے پاس امانتیں رکھوایا کرتے تھے۔ گھر میں بننے والے اچھے کھانے میں سے کچھ ہمسایوں کو بھجواتی رہتیں۔ اسی طرح چند غریب گھرانوں میں تو باقاعدگی سے سالن بھجواتیں۔ کچھ غریب عورتیں امی جان سے اپنی ضرورتوں کے لئے ادھار رقم مانگنے آجاتیں۔ امی جان ان کو رقم دیتے ہوئے کہتیں کہ یہ رقم مہینہ کی 15 تاریخ کے بعد واپس کردینا۔ کچھ لوگ تو ادھار واپس کردیتے لیکن ایک دو گھرانے ایسے تھے جو اتنے غریب تھے کہ قرض واپس کرنا بھی ان کے لئے قریباً ناممکن ہوتا۔ میری والدہ اتنی رحمدل تھیں کہ ایک دو بار یاددہانی کے بعد رقم کی واپسی کا مطالبہ نہ کرتیں بلکہ یہ اصول بنالیا تھا کہ وہ جتنا بھی واپس کرسکتے ہوں اتنی ہی رقم لے کر باقی نقصان خاموشی سے برداشت کرلیتیں۔

ایک فقیرنی باقاعدگی سے آیا کرتی اور امّی اس کو ہمیشہ کچھ نہ کچھ خیرات دیتیں۔ پھر ایک روز اس سے پوچھا کہ کیا وہ کوئی کام کرسکتی ہے؟ اس نے بتایا کہ وہ رضائیاں بنالیتی ہے۔ امّی نے اسے صابن کی ایک ٹکیہ اور اپنا ایک سوٹ دیا کہ کل نہا دھوکر صاف کپڑے پہن کر آنا۔ وہ اگلے روز آئی تو امّی نے اس سے گھر کی رضائیاں بنوائیں اور اس کو اچھی اجرت بھی دی۔ آہستہ آہستہ اس عورت نے مانگنا چھوڑ دیا اور لوگوں کے گھروں میں کام کاج کرنے لگی اور عزت سے گزر بسر کرنے لگی۔

ایک اور غریب خاتون نے امّی کی وفات کے بعد بتایا کہ غربت کی وجہ سے وہ اپنے بیٹے کی تعلیم کے اخراجات برداشت نہیں کرسکتی تھی ہماری والدہ نے اسے مدد دینی شروع کی اور اس لڑکے کے دسویں جماعت تک پڑھائی کے تمام اخراجات خود برداشت کئے۔

ہمیشہ ہمارے گھر کے دروازے ابوجان کے بہن بھائیوں اور ان کے بچوں نیز اپنے بہن بھائیوں اور ان کے بچوں اور دیگر عزیز واقارب کے لئے کھلے رہے۔ میرے ایک ماموں جب لاہور میں کام سیکھنے کے لئے قریباً تین ماہ ہمارے ہاں ٹھہرے رہے تو اس وقت ہمارے گھر کے صرف دو کمرے تھے۔ میری والدہ نے ایک کمرہ انہیں دے رکھا تھا اور خود تکلیف برداشت کر کے ڈرائنگ روم میں سوتے رہے۔ لیکن ایسی غنا تھی کہ ماموں بیان کرتے ہیں کہ کام شروع کرنے لئے جب مجھے رقم کی ضرورت محسوس ہوئی تو ہماری والدہ نے ان کو اپنی شادی کی انگوٹھی اتار کردیدی جو ہماری نانی نے اپنی بیٹی کو شادی پر پہنائی تھی۔ اس بات سے ان کی وسیع القلبی کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔

میرے چھوٹے ماموں جان مکرم لئیق احمد طاہر صاحب مربی سلسلہ یوکے نے میری والدہ کی وفات پر ہم بچوں سے کہا کہ تمہاری والدہ تو 'بشریٰ باغ' تھیں جن کے پاس آکر ہر کوئی سکون محسوس کرتا تھا۔ باقی رشتہ دار بھی میری والدہ کی اچھی اور نیک عادات کا ہی ذکر کرتے ہیں۔

ایک بار ہمارے ابو کا آنکھ کا آپریشن بھی ہوا تھا۔ امی جان سارا سارا دن ہسپتال کے ایک سٹول پر بیٹھ کر رات گئے واپس گھر آیا کرتیں۔ تھکاوٹ کے باوجود اس کا اظہار نہ کرتیں۔ آپ شوگر کی مریضہ تھیں۔ اسی طرح گردوں کی تکلیف بھی تھی۔ وفات سے کچھ عرصہ پہلے سے انہیں ہلکا ہلکا بخار بھی رہنے لگا تھا۔ لیکن ان کی تکالیف کا اندازہ ان کو دیکھنے سے نہیں ہوسکتا تھا۔ جب زیادہ تکلیف محسوس کرتیں تو دوائی لے کر تھوڑا سا آرام کرلیتیں۔ لیکن گھر کی روٹین اور اپنی ذمہ داریاں اسی طرح ادا کرتی رہتی تھیں۔ بیماری کی حالت میں بھی ہنستے مسکراتے ہوئے چہرہ کے ساتھ ہر ایک کے پاس بیٹھی ہوتی تھیں۔ چہرے سے بیماری کے کوئی آثار بھی محسوس نہیں ہوتے تھے۔ وفات سے دو دن قبل عید کی وجہ سے رات دیر تک مہمانوں کے پاس بیٹھی رہیں۔ کسی کو آپ کی بیماری کا اندازہ بھی نہیں ہوا۔ خوشی کے ساتھ ہر ایک کی مہمان نوازی کررہی تھیں۔

میری والدہ کے پاس کوئی زیور نہیں تھا۔ جو بھی تھا وہ انہوں نے کسی نہ کسی مالی تحریک میں ادا کردیا تھا اور پھر ساری زندگی کوئی زیور نہیں بنوایا۔

میرے والد مکرم رشید احمد خان صاحب حضرت الحاج محمد عبداللہ صاحب نائب ناظر مال صدر انجمن احمدیہ ربوہ کے چھوٹے بیٹے تھے۔ آپ چار بہنیں اور دو بھائی تھے۔ آپ کے بڑے بھائی مکرم سعید احمد خان صاحب واہ کینٹ میں امیر جماعت کی حیثیت سے لمبا عرصہ خدمت بجالاتے رہے۔ ابوجان آرمی اکاؤنٹس کے شعبہ میں کام کرتے تھے اور وہاں سے قبل از وقت ریٹائرمنٹ لے کر ایک پرائیویٹ کمپنی میں ملازمت کرلی۔ آپ بہت محنتی، ایماندار، خوددار، ہمدرد، ہر ایک کے کام آنے والے، صاف گو اور بچوں سے بہت پیارے کرنے والے ایک شفیق باپ تھے۔ آپ ساری زندگی جماعت کے ساتھ انتہائی خلوص سے وابستہ رہے اور مختلف حیثیتوں سے خدمت کی توفیق بھی پائی۔ آخری چند سال لاہور میں اپنے حلقہ میکلوڈ روڈ کے صدر جماعت بھی رہے نیز لمبا عرصہ سیکرٹری مال کے فرائض بھی بجالاتے رہے۔ آپ چندہ جات نہ صرف خود بروقت ادا کرتے بلکہ افراد حلقہ کو بھی باقاعدگی سے توجہ دلاتے۔ آپ اپنا ہر کام بہت لگن اور ذمہ داری سے کرتے۔ یہی وجہ تھی کہ آپ کے غیر از جماعت افسران آپ پر بھرپور اعتماد کرتے اور بہت عزت واحترام سے پیش آتے اور ہر عید کے موقع پر اور دیگر خوشی کے مواقع پر ہمارے ہاں اپنی فیملی کے ساتھ تشریف لاتے۔ زندگی کے آخری سال جب ابو بیماری کی وجہ سے کام پر نہ جاسکے تو آپ کے قدردان افسران نے گزشتہ خدمات کو سراہتے ہوئے یہ طریق اختیار کیا کہ سال بھر کی تنخواہ آپ کے گھر پر پہنچاتے رہے۔

